# غزہ کے ملبے تلے دس ہزار لاشیں، نکاسی جدید آلات کے بغیر ناممکن ہے: رائدالدہشان



غزہ: غزہ گورنری میں سول ڈیفنس کے سربراہ اور قانونی ماہر بریگیڈیئر رائد الدہشان نے کہا ہے کہ قابض اسرائیل کی جانب سے غزہ پر مسلط کی گئی مسلسل نسل کش جنگ کے سائے میں سول ڈیفنس آج اپنی تاریخ کے سب سے خطرناک مرحلے سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ جنگ صرف شہریوں اور ان کے گھروں تک محدود نہیں رہی بلکہ اس نے امدادی ٹیموں، دفاتر اور آلات کو بھی نشانہ بنایا ہے، جس کے باعث ادارے کی عملی صلاحیت تقریباً مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔

الدہشان نے بتایا کہ بھاری مشینری اور جدید آلات کی آمد پر مسلسل پابندی کے باعث غزہ میں ملبے تلے دبے تقریباً دس ہزار شہداء کی لاشیں نکالی نہیں جا سکیں۔ ان کے مطابق اگر ضروری وسائل فراہم کر دیے جائیں تو یہ کام محض تین ماہ میں مکمل ہو سکتا ہے، مگر آلات کی عدم دستیابی اس المیے کو برسوں پر محیط ایک کھلے زخم میں تبدیل کر دے گی۔ انہوں نے یہ بات فلسطین آن لائن کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر آلات کی فراہمی پر پابندی برقرار رہی تو لاشوں کی نکاسی کا عمل انتہائی سست ہو جائے گا اور ممکن ہے یہ دس سال سے بھی زیادہ عرصے تک پھیل جائے، جس سے ہزاروں خاندان اذیت ناک انتظار اور نہ ختم ہونے والے دکھ کے اسیر بنے رہیں گے۔

### صلاحیتیں ختم، وسائل ناپید

الدہشان نے وضاحت کی کہ جنگ سے قبل بھی سول ڈیفنس محض پینتالیس فیصد صلاحیت کے ساتھ کام کر رہا تھا، جس کی وجہ سترہ برس سے زائد عرصے پر محیط محاصرہ اور جدید آلات کی عدم اجازت تھی۔ جارحیت میں اضافے کے بعد سول ڈیفنس اپنے پچاسی فیصد آلات سے محروم ہو چکا ہے اور آج محض پانچ سے سات فیصد حقیقی صلاحیت کے ساتھ خدمات انجام دے رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ امدادی ٹیمیں انتہائی ابتدائی وسائل کے ساتھ اور اکثر ہاتھوں سے کام کرنے پر مجبور ہیں، کیونکہ فائر بریگیڈ کی گاڑیاں، ہائیڈرولک سیڑھیاں، ایمبولینسز، پانی کے ٹینکر اور بھاری مشینری تقریباً مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں، جو کنکریٹ کے بڑے ڈھانچوں کو ہٹانے کی صلاحیت رکھتی تھیں۔

انہوں نے مزید بتایا کہ غزہ گورنری جو آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا علاقہ ہے، وہاں اب صرف ایک فائر بریگیڈ گاڑی، ایک ریسکیو گاڑی اور ایک ایمبولینس باقی رہ گئی ہے، جبکہ جنگ سے قبل یہاں مکمل اور جدید گاڑیوں کا ایک پورا بیڑا موجود تھا۔

### بھاری انسانی قیمت

رائد الدہشان نے انکشاف کیا کہ سول ڈیفنس اپنے انسانی فرائض کی ادائیگی کے دوران ایک سو بیالیس شہداء کی قربانی دے چکا ہے، جن میں اکثریت ایسے ماہرین کی تھی جن کے پاس پندرہ سے تیس سال کا تجربہ تھا۔ اس کے علاوہ تین سو باون اہلکار شدید زخمی ہوئے، جن میں سے کئی اعضاء کی کٹائی، مستقل معذوری اور سنگین زخموں کے باعث ہمیشہ کے لیے خدمت سے باہر ہو گئے۔

انہوں نے بتایا کہ جنگ سے قبل غزہ میں سول ڈیفنس کے اہلکاروں کی تعداد آٹھ سو سے نو سو کے درمیان تھی، مگر اس شدید انسانی نقصان نے ادارے کے پیشہ ورانہ توازن اور فوری ردعمل کی صلاحیت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ سول ڈیفنس کی ٹیمیں جنیوا معاہدوں کے تحت حاصل تحفظ کے باوجود براہ راست نشانہ بنیں، حالانکہ وہ فلوروسینٹ وردیاں پہنے ہوئے تھیں اور ریڈ کراس اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ پیشگی رابطہ بھی موجود تھا۔

### تباہ مراکز اور مجبوری میں پھیلاؤ

الدہشان نے بتایا کہ غزہ میں سول ڈیفنس کے تمام سترہ مراکز مکمل طور پر تباہ کر دیے گئے ہیں، جن میں غزہ شہر کے پانچ بڑے مراکز بھی شامل ہیں۔

رفح کے بارے میں انہوں نے کہا کہ آبادی کے انخلا کے باعث وہاں سرگرمیاں تقریباً معطل ہیں، جبکہ اہلکاروں کو خان یونس اور وسطی علاقوں میں ضم کر دیا گیا ہے اور سکیورٹی خطرات اور محاذی علاقوں کے قریب ہونے کے باعث پھیلاؤ محدود کر دیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اب سول ڈیفنس بین الاقوامی معیار کے مطابق نہیں بلکہ زمینی حقائق کی سختی کے تحت ایک ہنگامی اور غیر منظم انداز میں کام کر رہا ہے۔

### ملبے تلے لاشیں، وداع کے بغیر

لاشوں کے معاملے پر الدہشان نے بتایا کہ اب تک صرف تین سو پچاس لاشیں نکالی جا سکی ہیں، جبکہ ہزاروں تاحال ملبے کے نیچے دبی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر لاشوں کی شناخت خاندانوں کو معلوم ہے، مگر وقت گزرنے اور بروقت رسائی نہ ہونے کے باعث اکثر صرف ہڈیوں کے باقیات ہی مل پاتے ہیں۔ انہوں نے افسوس کے ساتھ کہا کہ بلڈوزروں اور بھاری مشینری کی عدم موجودگی کے باعث ملبہ ہٹانے کا عمل نہایت سست ہے۔ بعض اوقات امدادی اہلکار ملبے تلے دبے افراد کی آہیں سنتے ہیں مگر انہیں بچانے سے قاصر رہتے ہیں، جبکہ اس سفاکیت کی قیمت صرف عام شہری ادا کرتا ہے۔

### گرنے کے دہانے پر عمارتیں

الدہشان نے خستہ حال عمارتوں کے خطرے کی جانب بھی توجہ دلائی خصوصاً سردیوں کے موسمی دباؤ کے دوران اور بتایا کہ حالیہ عرصے میں درجنوں عمارتیں منہدم ہو چکی ہیں، جن کے نتیجے میں شہداء اور زخمی سامنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متبادل نہ ہونے کے باعث بہت سے شہری ایسی عمارتوں میں رہنے پر مجبور ہیں جو کسی بھی وقت گر سکتی ہیں یا غیر محفوظ خیموں میں پناہ لینے پر مجبور ہیں، جبکہ سول ڈیفنس آلات کی قلت کے باعث نہ تو انہیں گرا سکتا ہے اور نہ محفوظ بنا سکتا ہے۔

### فوری انسانی اپیل

آخر میں رائد الدہشان نے زور دیا کہ سول ڈیفنس ایک خالص انسانی ادارہ ہے جس کا کوئی سیاسی کردار نہیں۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ کے اداروں اور فلسطینی سرکاری حلقوں سے فوری مداخلت کی اپیل کی تاکہ آلات، مشینری، ایندھن اور لاجسٹک مدد فراہم کی جا سکے۔

انہوں نے کہا کہ سول ڈیفنس کی مدد دراصل زندگی کی مدد ہے، اور اس ادارے کو بحال کرنا ہزاروں جانیں بچانے اور انتہائی سخت حالات میں انسانی فریضہ ادا کرنے کے مترادف ہے۔

# غزہ میں انسانی المیہ جاری، عالمی برادری فوری مداخلت کرے: انسانی حقوق گروپ

غزہ: انسانی حقوق کے اداروں کے اتحاد "حریہ" نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے فوری اپیل کی ہے کہ وہ غزہ میں دو ملین سے زائد فلسطینی شہریوں کے خلاف قابض اسرائیل کی جاری نسل



کشی کو فوری طور پر روکنے کے لیے عملی اقدام کرے۔

حریہ" نے اپنے بیان میں زور دیا کہ اقوام متحدہ اور اس کے تمام ادارے، خاص طور پر انروا، فوری طور پر انسانی امدادی راستے کھولیں جو مستقل اور محفوظ ہوں تاکہ خوراک، دوائیں اور بنیادی ضروریات بلا کسی شرط یا رکاوٹ ہر شہری تک پہنچ سکیں۔

بیان میں واضح کیا گیا کہ دنیا کے وزرائے خارجہ اور اقوام متحدہ کو قابض اسرائیل اور اس کے اتحادیوں پر دباؤ ڈالنا ہوگا اور غزہ کے مظلوم شہریوں پر عائد شدید محاصرہ ختم کرانا ہوگا۔ حریہ نے سیاسی مفادات کے لیے معابر کھولنے کے عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے قابض اسرائیل کی طرف سے امدادی اور انسانی سامان پر مکمل کنٹرول ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔

حریہ نے خبردار کیا کہ غزہ آج ایک حقیقی انسانی آفت کا شکار ہے۔ ناقص خوراک، طبی سہولیات کی شدید کمی اور بیرون ملک علاج کے لیے پابندی کے نتیجے میں اموات کی شرح میں خطرناک اضافہ ہوا ہے۔ قابض اسرائیل نے سنہ 2023ء کے اکتوبر سے غزہ پر مکمل لاک ڈاؤن نافذ کر رکھا ہے، جس نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرے میں ڈال دیا ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا کہ قابض اسرائیل خوراک اور دواؤں کو نہ صرف جنگ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے بلکہ ان سے فلسطینی عوام کے جسمانی اور نفسیاتی نقصان کا مقصد بھی پورا کر رہا ہے۔ یہ ایک جان بوجھ کر کیے جانے والا عمل ہے جس کے ذریعے دو ملین سے زائد شہری انتہائی ناقص اور غیر انسانی حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ حقوقی اداروں کے مطابق یہ بین الاقوامی قوانین کے تحت نسل کشی کے جرم کے زمرے میں آتا ہے۔

# قابض اسرائیل نے سیز فائر کو فلسطینیوں کے قتل کے لیے ڈھال بنایا

غزہ: غزہ میں انسانی حقوق کے مرکز نے اعلان کیا ہے کہ قابض اسرائیل نے غزہ میں نافذ سیز فائر کے معاہدے کو فلسطینی شہریوں کے قتل کے لیے ڈھال میں بدل دیا ہے اور دستاویزات کے مطابق ہر روز اوسطاً پانچ فلسطینی شہید ہو رہے ہیں۔ یہ سلسلہ 90 دنوں سے جاری ہے جب سے معاہدہ لاگو ہوا ہے۔

انسانی حقوق مرکز نے واضح کیا کہ قابض اسرائیلی فوج غزہ میں فلسطینیوں کے خلاف نسل کشی کا جرم مسلسل انجام دے رہی ہے، جس میں شہریوں کو جان بوجھ کر اور منظم طریقے سے قتل کیا جا رہا ہے، خاص طور پر بچے اور خواتین قتل عام کیے جا رہے ہیں، یہ سب 10 اکتوبر سنہ 2025ء سے نافذ سیز فائر کے معاہدے اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

صرف سیز فائر کے 90 دنوں میں قابض فوج نے 439 فلسطینیوں کو شہید کیا، جن میں 155 بچے اور 61 خواتین شامل ہیں، جبکہ 1225 دیگر شدید زخمی ہوئے، یہ واضح اشارہ ہے کہ قابض اسرائیل سیز فائر کو قتل جاری رکھنے کے ایک آلے کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔

مرکز نے بتایا کہ قابض فوج نے گذشتہ ہفتے کے دن صبح دو فلسطینی شہری قتل کیے، ایک زیتون کے محلے میں اور دوسرا خان یونس میں قتل کیا گیا۔ یہ روزانہ ہونے والے جرائم کی تازہ مثال ہے جو شہریوں کے خلاف جاری ہیں، یہ بتاتا ہے کہ قابض اسرائیل سیز فائر کو محض سیاسی اور فوجی ڈھال کے طور پر استعمال کر رہا ہے تاکہ فلسطینیوں کے خلاف قتل و نسل کشی جاری رکھ سکے۔

مرکز نے مزید کہا کہ گذشتہ جمعرات کو شہریوں کے خلاف جان بوجھ کر قتل میں اضافہ ہوا، جب 14 شہری شہید اور 17 زخمی ہوئے، یہ سلسلہ قابض اسرائیل کی شدید فائرنگ اور فضائی حملوں کے نتیجہ میں خیموں اور سکولوں پر ہوا، جہاں پناہ گزین خاندان رہائش پذیر تھے۔

غزہ کے شمال میں قابض فوج نے جبالیہ کیمپ کے مشرق میں مسلح افواج سے شہری آبادی پر فائرنگ کی، جس کے نتیجہ میں 11 سالہ ہنسہ نضال سمیر حسو شہید ہوئی، یہ ایک معصوم بچی تھی جو کسی لڑائی میں حصہ نہیں لے رہی تھی۔ قابل ذکر ہے کہ اس کے والد قابض اسرائیل کی جیلوں میں قید ہیں۔

قابض اسرائیل کے ڈرون طیارے نے جبالیہ کے کیمپ میں انروا کے ابو حسین سکول کو نشانہ بنایا، جہاں سینکڑوں پناہ گزین خاندان رہائش پذیر تھے، اس حملے میں 21 سالہ نوجوان ابراہیم نبیل صبح شہید اور متعدد زخمی ہوئے، جبکہ غزہ شہر کے عسقولا کے جنوب میں راکٹ حملے میں چار شہری شہید اور پانچ زخمی ہوئے۔

اسی طرح قابض فوج نے خان یونس میں پناہ گزین خیموں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجہ میں تین بچے شہید ہوئے، جن میں بھائیوں سات سالہ عبداللہ، پانچ سالہ لیان اور سولہ سالہ عمر ابو شقرا شامل ہیں، یہ ثابت کرتا ہے کہ قابض اسرائیل جان بوجھ کر عارضی پناہ گزین مراکز کو تباہ کر رہا ہے۔

اسی سلسلے میں قابض اسرائیلی فضائیہ نے وسطی غزہ میں نصیریات اور البریج کے کیمپوں میں شہری مکانات پر بمباری کی، جس سے متعدد شہری زخمی ہوئے اور کئی مکانات مکمل طور پر تباہ ہو گئے، یہ ایک منظم پالیسی کا حصہ ہے تاکہ باقی رہائشی ڈھانچوں کو ختم اور مقامی عوام کو زبردستی بے گھر کیا جا سکے۔

غزہ میں انسانی حقوق کے مرکز نے کہا کہ یہ واقعات اتفاقی نہیں، بلکہ شہریوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنانے کے ایک مستقل نمونہ کی عکاسی کرتے ہیں۔ قابض فوج اب بھی "یلو لائن" کے اندر موجود علاقوں میں بمباری اور دھماکے کر رہی ہے تاکہ غزہ کے بڑے حصے کو رہائش کے قابل نہ رہنے دیا جائے۔

مرکز نے زور دیا کہ شہریوں، بچوں، پناہ گزینوں اور پناہ گزین مراکز کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا سیز فائر کے معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے، یہ جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم ہیں، اور ان کے دائرہ کار، سیاق و سباق اور نیت کے لحاظ سے یہ سنہ 1948ء کی نسل کشی روکنے کے کنونشن کے تحت نسل کشی کے جرم کے زمرے میں آتے ہیں۔ یہ جرائم بین الاقوامی عدالت انصاف کے عارضی اقدامات کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں۔

# مشرق غزہ میں قابض اسرائیلی دہشت گردی میں تین فلسطینی شہید



غزہ: قابض اسرائیلی فوج کے حملوں میں آج ہفتے کے روز تین فلسطینی شہری شہید اور متعدد دیگر زخمی ہو گئے، جبکہ یہ سلسلہ 91ویں دن بھی سیز فائر کی مسلسل خلاف ورزیوں کے ساتھ جاری ہے۔

ایک مقامی ذریعے نے بتایا کہ چھبیس سالہ شہری یوسف محمود الحرازین شہید ہو گیا، یہ واقعہ غزہ شہر کے مشرق میں سڑک چوراہے کے قریب پیش آیا۔ ایک اسرائیلی ڈرون نے جبازی کیمپ کے مرکزی داخلی دروازے کے نزدیک بلڈوزر پر حملہ کیا، جس کے نتیجہ میں تین شہری زخمی ہوئے۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق قابض اسرائیل کی مشینی گاڑیوں نے جنوبی رفح میں العلم چوراہے کے قریب فائرنگ اور توپ خانے کے گولے داغے۔

اس سے قبل ایک مقامی ذریعے نے اطلاع دی کہ خان یونس شہر کے مشرق میں المجمع الاسلامی مسجد کے قریب اسرائیلی ڈرون کی فائرنگ سے ایک شہری شہید ہوئے۔

ذرائع کے مطابق 38 سالہ محمد خالد محمد القهوجی کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ آج صبح مقامی ذرائع نے اطلاع دی کہ مشرقی زیتون کے محلے کے قریب فائرنگ میں ایک اور فلسطینی شہری شہید ہوئے۔

اسی دوران، مقامی طبی ذرائع نے بتایا کہ سات دن کا شیر خوار بچہ محمود الأقرع شدید سردی کے باعث دیر البلح میں شہید ہو گیا۔ قابض اسرائیلی فوج 91ویں روز بھی غزہ میں سیز فائر کے معاہدے کی خلاف ورزی کر رہی ہے، جس میں فضائی حملے، مشینی گاڑیوں کی فائرنگ اور ہیلی کاپٹر سے مسلسل گولہ باری شامل ہے، جس سے شہریوں پر خطرہ دوبارہ پیدا ہوا اور میدان میں شدید تناؤ بڑھ گیا، جیسا کہ ہمارے نامہ نگار اور مقامی ذرائع نے دستاویزی طور پر رپورٹ کیا۔

مقامی ذرائع نے بتایا کہ مشرقی التفاح محلے کے علاقوں پر صبح کے ابتدائی وقت میں قابض اسرائیل کی گاڑیوں سے فائرنگ ہوئی، جبکہ شمال مغربی رفح میں ہیلی کاپٹر کی فائرنگ بھی شدید جاری رہی۔ قابض فوج نے بیت لاہیا کے شمال میں ابو تمام سکول کے قریب شہری صلاح عطیہ العطار کا گھر بمباری کا نشانہ بنایا۔ اسی طرح مشرقی البریج کیمپ میں قابض گاڑیوں نے مسلسل فائرنگ جاری رکھی، یہ فلسطینی شہریوں کے خلاف منصوبہ بند حملوں کا تسلسل ہے۔ شمالی غزہ میں اسرائیلی فضائیہ نے چند گھنٹوں میں دو فضائی حملے کیے، اور ساتھ ہی اپاچی ہیلی کاپٹر سے جبالیہ کے مشرقی علاقے میں فائرنگ کی گئی۔ جنوبی غزہ میں بھی قابض اسرائیل نے رفح شہر کو فضائی حملوں کا نشانہ بنایا، جبکہ توپ خانے سے گولہ باری اور فائرنگ بھی وقفے وقفے سے جاری رہی۔

وزارت صحت کے اعداد و شمار کے مطابق 10 اکتوبر سنہ 2025ء سے سیز فائر کے بعد قابض اسرائیل کی خلاف ورزیوں میں 439 فلسطینی شہید اور 223,1 زخمی ہوئے، جبکہ 688 افراد کو ملبے سے نکالا گیا۔

سنہ سات اکتوبر 2023ء سے شروع ہونے والے قابض حملوں کے دوران مجموعی طور پر 409,71 فلسطینی شہید اور 304,171 زخمی ہو چکے ہیں۔ وزارت صحت نے واضح کیا کہ متعدد زخمی اب بھی ملبے تلے یا سڑکوں پر پھنسے ہوئے ہیں، کیونکہ ہسپتال اور ریڈ کراس کی ٹیمیں مسلسل بمباری اور خطرناک حالات کی وجہ سے انہیں پہنچنے سے قاصر ہیں۔

# مغربی کنارے میں سیاسی گرفتاریوں میں خطرناک اضافہ، حماس کا شدید انتباہ

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت "حماس" نے مغربی کنارے میں سیاسی بنیادوں پر گرفتاریوں میں مسلسل اور تشویشناک اضافے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتھارٹی کے سکیورٹی ادارے بالخصوص جنین میں منظم انداز میں یہ کارروائیاں کر رہے ہیں جن کا ہدف قیادتیں، کارکنان یونیورسٹیوں کے طلبہ اور معاشرے کے مختلف طبقات بن رہے ہیں۔ حماس نے ہفتے کے روز جاری




اپنے بیان میں کہا کہ یہ طرز عمل ایک سنگین اور خطرناک جبر کی عکاسی کرتا ہے جو ہمارے عوام کی اجتماعی خواہشات اور ان کی عظیم قربانیوں کے سراسر منافی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایسے اقدامات اس نازک مرحلے پر اندرونی کشیدگی کو مزید بھڑکا رہے ہیں جو ہماری قومی قضیہ کے لیے سب سے زیادہ خطرناک سمجھا جا رہا ہے۔ حماس نے واضح کیا کہ یہ سیاسی گرفتاریاں براہ راست قابض اسرائیل کے اہداف کو تقویت دیتی ہیں جن کا مقصد مزاحمت کاروں، قومی شخصیات اور آزاد آوازوں کا پیچھا کرنا اور قومی میدان کو اس کے بہترین فرزندوں سے خالی کرنا ہے۔ یہ سب ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مغربی کنارہ شدید جارحانہ استعماری اور یہودیانے کی مہم کی زد میں ہے جہاں الحاق اور جبری بے دخلی کے منصوبے نافذ کیے جا رہے ہیں اور آبادکاروں کی روزانہ کی بنیاد پر کی جانے والی سفاکیت فلسطینی عوام اور ان کی زمین کو نشانہ بنا رہی ہے۔ حماس نے اتھارٹی کے سکیورٹی اداروں کی جانب سے اس غیر قومی جابرانہ روش پر مسلسل کاربند رہنے کے سنگین نتائج سے خبردار کیا اور کہا کہ جیلوں میں زیر حراست فلسطینیوں کو بدترین تشدد تذلیل اور اذیت کا سامنا ہے جس کے خطرناک اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ بیان میں دو ٹوک الفاظ میں کہا گیا کہ فلسطینی عوام منہ بند کرنے گرفت اور تضحیک کی پالیسی کے سامنے ہرگز سر نہیں جھکائیں گے۔ حماس نے مطالبہ کیا کہ سیاسی گرفتاریوں کی تمام صورتوں کو فوری طور پر بند کیا جائے اور قومی مؤقف اور وابستگی کی بنیاد پر قید تمام افراد کو فی الفور رہا کیا جائے۔ ساتھ ہی عقل تدبر اور قومی ذمہ داری کی زبان اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ تمام تر کوششوں کا رخ قابض اسرائیل اور اس کے جرائم کے مقابلے کی جانب موڑا جائے بجائے اس کے کہ عوام کی توانائیوں کو زائل کیا جائے اور ان لوگوں کو نشانہ بنایا جائے جو اپنی قوم کی عزت اور حقوق کے دفاع کے لیے صفِ اول میں کھڑے ہیں۔

# غزہ میں جنگی طرزِ عمل کے نئے اصول: قابض اسرائیل آئندہ مرحلے کے خدوخال کیسے طے کر رہا ہے

غزہ: علاقے میں تیزی سے بدلتے ہوئے سیاسی اور سکیورٹی حالات کے پس منظر میں قابض اسرائیل ایک ایسے نئے مرحلے کی جانب بڑھ رہا ہے جس کی بنیاد جنگی طرزِ عمل کے نئے اصول، کشیدگی میں اضافہ اور طاقت کے بے لگام استعمال پر رکھی جا رہی ہے۔ قابض ریاست اس عالمی فضا سے فائدہ اٹھا رہی ہے جہاں اس کے نزدیک احتساب اور نگرانی کے بین الاقوامی ذرائع کمزور پڑ چکے ہیں یا مؤثر کردار ادا کرنے سے قاصر دکھائی دیتے ہیں۔

یہ پیش رفت قابض اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے واشنگٹن کے دورے کے فوراً بعد سامنے آئی ہے۔ اس دورے نے اس امر کے واضح اشارے دیے ہیں کہ قابض اسرائیل تنازعے کو چلانے کے انداز میں ایک زیادہ جارحانہ اور بے خوف مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، بالخصوص فلسطینی محاذ پر، جہاں اس کی خصوصی توجہ غزہ کی پٹی اور وہاں کے آئندہ حکمرانی کے نقشے پر مرکوز ہے۔

اسی تناظر میں معروف سیاسی تجزیہ کار اور کالم نگار علاء الریماوی نے مرکز اطلاعات فلسطین کے لیے سیاسی اور سکیورٹی منظرنامے کا ایک جامع اور گہرا تجزیہ پیش کیا۔ انہوں نے قابض اسرائیلی منصوبے کے نمایاں خدوخال اور اس کے تزویراتی اہداف کو آشکار کیا اور ساتھ ہی آئندہ مرحلے میں فلسطینی قوم پر عائد ہونے والی اہم ذمہ داریوں کی نشاندہی بھی کی۔



### جنگی طرزِ عمل کے نئے اصول

علاء الریماوی نے کہا کہ قابض اسرائیل نہایت تیزی سے عملی اقدامات کر رہا ہے اور آئندہ مرحلے میں بھی اس رفتار کو برقرار رکھے گا۔ ان کے مطابق یہ پیش رفت براہ راست بنجمن نیتن یاہو کے واشنگٹن دورے کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ تل ابیب اس وقت جنگی طرزِ عمل کے ایسے نئے اصول وضع کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو فلسطین لبنان اور ایران تک پھیلے ہوئے محاذوں پر اس کے لیے کھلی جارحیت کو ممکن بنائیں۔

اصطلاحی طور پر جنگی طرزِ عمل کے یہ اصول دراصل وہ غیر تحریری مگر عملی ضابطے ہوتے ہیں جن کے تحت کوئی ریاست یہ طے کرتی ہے کہ وہ کب کہاں اور کس حد تک عسکری طاقت استعمال کرے گی اور کن حالات میں بین الاقوامی قوانین یا سابقہ مفاہمتوں کو نظر انداز کیا جائے گا۔ قابض اسرائیل ان نئے اصولوں کے ذریعے اپنے لیے مکمل آزادیِ عمل چاہتا ہے۔

الریماوی کے مطابق قابض اسرائیل ان اصولوں کی بنیاد اس تصور پر رکھ رہا ہے کہ اسے نام نہاد دشمنانہ صلاحیتوں کی روک تھام کے نام پر بلا روک ٹوک کارروائی کا حق حاصل ہے۔ اس میں ٹارگٹڈ قتل زیادہ طاقت کا استعمال اور آئندہ مرحلے میں کسی بھی معاہدے یا فہم و ادراک سے کھلے عام انحراف شامل ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ قابض اسرائیل یہ سمجھتا ہے کہ اس کے رویے پر امریکی دباؤ یا تو ختم ہو چکا ہے یا انتہائی محدود ہو گیا ہے۔ یہی سوچ اسے مزید سفاک سکیورٹی اقدامات پر آمادہ کر رہی ہے۔ وہ جنہیں اپنے دشمن قرار دیتا ہے ان کے خلاف کھلی جارحیت کر رہا ہے اور اسے اس بات کی کوئی پروا نہیں کہ اس کے سیاسی یا قانونی نتائج کیا ہوں گے۔

### دوسرے مرحلے کی حقیقت

علاء الریماوی کے مطابق اگرچہ قابض اسرائیل رسمی طور پر اگلے مرحلے میں داخل ہوگا مگر یہ مرحلہ کشیدگی، زیادتیوں اور سنگین خلاف ورزیوں سے بھرپور ہوگا۔ اس کا مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ وہ اب بھی طاقت کے بل پر قابض رہنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور عسکری قوت ہی اس کے اہداف کے حصول کا بنیادی ذریعہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ قابض اسرائیل اپنی بنیادی جنگ اس نعرے کے تحت لڑ رہا ہے جسے وہ اسلحہ واپس لینے کا نام دیتا ہے۔ طاقت اور سیاسی دباؤ کے ذریعے اور امریکہ کے ساتھ قریبی ہم آہنگی میں وہ ایک ایسی صورت حال پیدا کرنا چاہتا ہے جس کے نتیجے میں فلسطینی مزاحمت کو غیر مسلح کیا جائے اور غزہ کی پٹی کے حکومتی ڈھانچوں سے حماس کی موجودگی کو ختم کر دیا جائے۔ ان کے بقول یہی ہدف غزہ میں قابض اسرائیلی منصوبے کا مرکزی نکتہ ہے۔

### قابض اسرائیلی منصوبے کے بنیادی خدوخال

علاء الریماوی نے کہا کہ قابض اسرائیلی منصوبے کو چار بنیادی نکات میں سمیٹا جا سکتا ہے۔ پہلا نکتہ تمام متعلقہ فریقوں پر شدید دباؤ ڈالنا ہے تاکہ کسی بھی صورت اسلحہ چھیننے کے عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ دوسرا نکتہ غزہ کی پٹی میں مستقبل کے حکمرانی کے نظام سے حماس کو الگ کرنے کے لیے کوئی قابل عمل فارمولا تیار کرنا ہے۔ تیسرا نکتہ ایک ایسے سیاسی ڈھانچے کی بات کرتا ہے جس میں حماس کسی حد تک شریک تو ہو مگر اس شمولیت کو قابض اسرائیل کی زیادہ درجے کی تسلیم شدگی سے مشروط کیا جائے جس میں بین الاقوامی معاہدوں کی قبولیت بھی شامل ہو۔ چوتھا نکتہ اس بات کا واضح اعلان ہے کہ قابض اسرائیل ایک ایسا سکیورٹی ماحول تشکیل دینا چاہتا ہے جو بظاہر نرم ہو مگر عملی طور پر اس کے ہاتھ مکمل طور پر کھلے رہیں۔ چاہے وہ براہ راست فوجی کارروائیاں ہوں یا ٹارگٹڈ قتل۔

### واضح فلسطینی سیاسی سمت

علاء الریماوی نے زور دے کر کہا کہ اس خطرناک اور پوشیدہ منصوبے کو فلسطینی اندرونی سطح پر موجود تمام مؤثر حلقوں کو گہرائی سے سمجھنا ہوگا اور ایک واضح سیاسی سمت متعین کرنا ہوگی جو تین بنیادی اصولوں پر قائم ہو۔

انہوں نے بتایا کہ پہلا اصول ایسی سرخ لکیریں متعین کرنا ہے جنہیں کسی بھی سیاسی فریم ورک کے تحت عبور نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ غزہ کی پٹی کی صورتحال کو ایک قومی اور اجتماعی ذمہ داری کے طور پر دیکھا جائے نہ کہ کسی ایک تنظیم یا دھڑے کا مسئلہ سمجھا جائے۔

تیسرا اصول ایک ایسی عملی منصوبہ بندی پیش کرنا ہے جو طویل المدت سیز فائر پر مبنی ہو اور ساتھ ہی امریکہ کو سنجیدگی سے قائل کرنے کی کوشش کی جائے تاکہ ایسے سیاسی جواز پیدا ہوں جو اس عمل کو مضبوط بنائیں اور غزہ کی پٹی میں جاری انسانی بحران کو سہارا دے سکیں۔

آخر میں علاء الریماوی نے کہا کہ کوئی بھی منصوبہ یا تجویز اسی وقت قابل قبول ہو سکتی ہے جب اسے بین الاقوامی تائید حاصل ہو اور اسے فلسطینی عوام کے صمود کو مضبوط بنانے سے مشروط کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قابض اسرائیل کی خواہشات کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کیا جا سکتا خواہ یہ راستہ کتنا ہی کٹھن کیوں نہ ہو۔ ان کے مطابق آج فلسطینی ایک نہایت فیصلہ کن تاریخی موڑ پر کھڑے ہیں جہاں غیر معمولی احتیاط بیداری اور اعلیٰ درجے کی قومی ذمہ داری کا مظاہرہ ناگزیر ہے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو۔ کے۔) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو۔ کے۔ سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: +44 7897 386368

قارئین کو مشورہ: ''صحافت'' میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔